Sigtuna kommun

Urdu




# گھر اور اسکول –
# ساتھ ساتھ

فوٹو: Rosie Alm

# تعارف

ہم اپنے اسکولوں میں بھرپور کوشش کرتے ہیں کہ تمام والدین کے ساتھ ایک پُر اعتماد اور بھروسامند باہمی تعاون قائم کریں جہاں ہم بچے کے بہترین مفادات پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے ایک دوسرے کے ساتھ شریکِ کار کے طور پر ہمآہنگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ایک موثر تعاون کے لئے ضروری ہے کہ ابتداء سے ہر کسی کو معلوم ہو کہ اس کی ذمہ داری کیا ہے، تعاون کن ذرائع سے کارفرما ہوگا اور تعاون کن چیزوں تک محدود ہوگا۔ اسی لئے ہم نے یہ دستاویز تیار کی ہے جو سگٹونا کمون کے تمام میونسپل اسکولوں میں واجب العمل ہے۔ یہاں ہم یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہم یعنی گھر اور نرسری اسکول ایک دوسرے سے کیا توقعات رکھ سکتے ہیں۔

**بچے اور طالب علم بحیثیت قابل کلیدی کردار ادا کرنے والے**

ہم اپنے نرسری اور پرائمری اسکولوں سے توقع رکھتے ہیں کہ ان میں بہت زیادہ حد تک یہ اعتماد اور یقین ہونا چاہئے کہ تمام بچے اور طالبعلم کامیاب انسان ہونا چاہتے ہیں اور وہ اس مقصد میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ ہم بچوں اور طالب علموں کو اپنے تجسس، دلچسپیوں، صلاحیتوں اور سوالات کا جواب پانے کے شوق کو اپنی پڑھائی میں بروئے کار لانے کے لئے براہِ راست کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ ہم تخلیقی صلاحیتوں، غیر آزمودہ چیزوں کو آزمانے کی ہمت اور ایک دوسرے سے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر سیکھنے کے شوق کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

**امکانات کو وجود میں لانے والوں کی حیثیت سے اساتذہ کا کردار**

تحقیق اور مستند تجربہ ہمارے نرسری اور پرائمری اسکولوں میں پڑھائی کی بنیاد ہے۔ ایک مسلسل بدلتی ہوئی دنیا کی ضرورتوں سے نپٹنے کیلئے ہم نئے علوم اور مہارتوں کی تخلیق میں شریکِ کار ہیں، چاہے وہ اساتذہ کے باہمی کوششوں سے وجود لائے اور یا بچوں اور طالب علموں کے ساتھ مشترکہ طور پر سامنے آئے۔ ہم نسبت مندانہ طور پر کام کرنے کے ذریعے اور واضح تدریسی رہنما بن کر تحفظ اور سکون کا ماحول پیدا کرتے ہیں۔

**سیکھنے کے عمل کا ایک ایسا ماحول جو سازگار شرایط کو جنم دیتا ہے**

بچے اور طالب علم ایک دوسرے، اساتذہ، معاشرے اور ڈیجیٹل دنیا کے ساتھ تعامل کے ذریعے نشوونما پاتے ہوئے نئی چیزیں سیکھتے ہیں۔ جب ہم قابل رسائی سیکھنے کا ماحول فراہم کرتے ہیں تو ہم سیکھنے کے ماحول کے لیے تدریسی، سماجی اور جسمانی نشوونما کے نقطہ نظر سے سوچتے ہیں تا کہ تدریس تمام بچوں اور طالب علموں کی پڑھائی، تجسس اور خلاقیت میں مزید جوش اور جذبہ پیدا کرے۔

**"سب کو اسکول میں تحفظ اور خوشی کا احساس ہونا چاہئے"**



فوٹو: Rosie Alm

# گھر اور اسکول کے درمیان باہمی تعاون

اسکول کی ذمہ داریاں واضح طور پر تعلیمی ایکٹ اور نصاب کے اصولوں کے حدود کے اندر عمل میں لائی جاتی ہیں۔ اسکول میں کام کی قیادت اور ذمہ داریوں کو سونپنے کی ذمہ داری پرنسپل کے ذمے ہوتی ہے۔ پرنسپل فیصلے صادر کرتا ہے کہ اسکول کو کسطرح منظم کرے، دستیاب وسائل کو کس طرح مختص کرنا چاہئے اور اسکول کو اپنے اہداف کے حصول کے لئے کس طرح کام کرنا چاہئے۔ اسکول کے اساتذہ تدریس کی ذمہ داری سنبھالتے ہیں۔ تدریس کی منصوبہ بندی، تعمیل اور نظارت کرنا اور مضامین میں گریڈز اور طالبعلموں کی تعلیمی پیشقدمی کے بارے میں رائے دینا اسکول کے اساتذہ کی ذمہ داریوں میں سے ہے۔ سویڈن میں تعلیم حاصل کرنا لازمی ہے۔ طالبعلموں کو لازمی تعلیم کی سہولت فراہم کرنا کمون، انتظامیہ اور سرپرستوں کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

**بطور سرپرست آپ سے ہماری توقعات**

- آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ سب کے ساتھ مہربانی، دوستی اور احترام سے پیش آئیں، خواہ وہ ہمارے ادارے کے مراجعین ہوں یا باہر کے لوگ ہوں اور یا پھر سوشل میڈیا پر لوگوں سے رابطہ ہو۔
- آپ اسکول کی ذمہ داری، ضوابط اور بنیادی اقدار کی حمایت اور احترام میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں اور اسکول کے عملے کے ساتھ مل کر بچوں کی بہترین مفادات کے لئے کام کرتے رہیں۔
- آپ کا بچہ اسکول کے بارے میں آپ کی باتوں اور خیالات سے متأثر ہوتا ہے۔ اسکول اور تعلیم کے بارے میں مثبت روئیے کے ذریعے آپ دکھاتے ہیں کہ تعلیم بہت اہمیت کی حامل ہے۔
- آپ پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ضروری معلومات حاصل کریں کہ آپ کے بچے کو کونسے تعلیمی اہداف تک پہنچنا ہے اور اسکول کے کاموں کی ذمہ داری اپنے کندھوں پر لینے میں اُس کی مدد کریں۔ آپ پر یہ ذمہ داری بھی عاید ہوتی ہے کہ اسکول اور غیر نصابی سرگرمیوں کے مرکز سے مزید مفید معلومات بھی حاصل کریں اور والدین کیلئے مختص اجلاسوں اور طالبعلموں کی تعلیمی پیشقدمی سے متعلق ٹیچر اور والدین کے درمیان گفتگو میں حصہ لینے کو ترجیح دیں۔
- اسکول طالب علموں اور اساتذہ کے کام کی جگہ شمار ہوتی ہے اور اس لئے آپ سے امید کی جاتی ہے کہ عملے کے کام کے اوقات اور طالبعلموں کی پڑھائی کے اوقات کا خیال رکھیں۔ اسکول کے اوقات میں اسکول آنے کے وقت والدین کیلئے مختص معمولات کو رعایت کریں۔
- آپ پر ذمہ داری عاید ہوتی ہے کہ اسکول کے قواعد اور ضوابط کا پاس رکھیں اور طالبعلموں اور اساتذہ کی طرح ان پر عمل درآمد میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔
- آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ آپ اپنے بچے کو صحیح وقت اور ٹائم ٹیبل کے مطابق درست تدریسی مواد کے ساتھ اسکول آنے میں مدد کریں اور ان کو موسم کے مطابق کپڑے تیار کرنے اور ٹھیک طرح سے آرام کرنے اور صبح کا ناشتہ کھانے کے بعد اسکول کیلئے تیار کرنے میں مدد کریں۔
- اگر آپ کا بچہ بیمار ہوجائے تو اسکول کے معمولات کے مطابق صبح اسکول کو مطلع کریں۔ بچے کو شفایاب ہونے تک گھر پر رہنے دیں۔
- آپ کا بچہ اسکول میں پڑھائی کا مستحق اور ذمہ دار ہے۔ عام چھٹیوں کے علاوہ چھٹی کی ضرورت ہو تو پہلے سے ایک چھٹی کی درخواست لکھ کر پہلے سے اسکول سے اُس کی منظوری لینا ضروری ہے۔
- اپنے بچے یا تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں سوالات کے وقت اسکول کے عملے کے ساتھ رابطہ کریں۔ آپ جہاں تک ممکن ہو اسکول کی سرگرمیوں کا جائزہ لینے میں، مثال کے طور پر سالانہ سروے کا جواب دے کر، حصہ لیں۔

**آپ اسکول اور غیر نصابی سرگرمیوں کے مرکز کے عملے سے کونسی توقعات رکھ سکتے ہیں**

- ہم سب کے ساتھ مہربانی، دوستی اور احترام سے پیش آتے ہیں چاہے وہ ہمارے ادارے کے مراجعین ہوں یا چاہے باہر کے لوگ ہوں اور یا پھر سوشل میڈیا پر لوگوں سے رابطہ ہو۔
- ہم تدریس کو موجودہ لایحۂ عمل اور اسکول کے اساتذہ کی پروفیشنل رائے کی بنیاد پر مرتب کرتے ہیں۔
- ہم گھروالوں کے ساتھ مل کر طالب علموں کے بہترین مفادات کے تحفظ کیلئے کوشاں ہوتے ہیں۔
- ہم کلاس میں احساس تعلق اور یکجہتی پیدا کرنے اور آپ کے بچے کے لئے ایک مستحکم، خوشگوار اور محفوظ ماحول مہیا کرنے کے لئے کوشاں ہوتے ہیں۔ ہم بدسلوکی کی روک تھام کرتے ہیں اور توہین یا امتیازی سلوک کے واقعات یا شبہ ہونے کی صورت میں ہمیشہ لازمی کارروائی کرتے ہیں۔
- ہم طالبعلموں کیلئے ایسا سازگار ماحول اور شرایط فراہم کرتے ہیں جہاں وہ اپنی پختگی اور ذہنی نشوونما کی بنیاد پر ذمہ داریوں کو اپنے کندھے پر لیں اور اپنی پڑھائی پر خود اثرانداز ہوں۔
- ہم طالبعلموں اور اسکول کی بہتری کیلئے مسلسل طور پر سرگرمیوں اور تدریس کا جائزہ لیتے ہیں اور ان میں ترقی اور بہتری کیلئے کوشش کرتے رہتے ہیں۔
- اگر ہمیں یہ خدشہ لاحق ہوجائے کہ آپ کا بچہ علمی اہداف تک نہیں پہنچ رہا تو آپ کو اس بارے میں اور یہ کہ اسکول اپنی طرف سے کونسے اقدامات کرنا کا ارادہ رکھتا ہے، ضروری معلومات فراہم کی جاتی ہے۔
- ہم ہر سال اسکول کے قواعد اور ضوابط پر نظر ثانی کرتے ہیں اور طالبعلموں کو موقع دیتے ہیں کہ ان قواعد کو مرتب کرنے میں حصہ لیں۔ ہم اس بات کو یقینی بنانے کے لیے فعال طور پر کام کرتے ہیں کہ اسکول میں ہر کوئی ان قواعد اور ضوابط پر پابندی سے عمل پیرا رہے۔
- اگر ہمیں شک ہوجائے کہ کوئی طالبعلم بدسلوکی کا شکار ہے تو ہم متعلقہ حکام کو اطلاع دینے کے پابند ہیں۔
- ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ آپ کو نرسری اسکول کے مواصلاتی چینلز کے ذریعے اسکول میں واقع ہونے والے جاری سرگرمیوں اور موجودہ حالات کے بارے میں معلومات دستیاب ہوں اور اگر آپ کے بچے سے متعلق کوئی بات پیش آجائے تو لازمی بات ہے کہ سرپرست کی حیثیت سے آپ سے رابطہ کیا جائے گا۔
- ہم بات چیت، میٹنگز اور سرپرستوں کے لئے مختص سالانہ سروے جو کلاس 3، 5 اور 8 میں کیا جاتا ہے، کے ذریعے اسکول کی سرگرمیوں کے بارے میں آپ کی آراء اور نظریات سنتے ہیں۔

# رابطے اور تعاون کے لئے مختص فورمز اور چینلز

ہم گھر کے ساتھ اپنے تعاون کے سلسلے میں مختلف قسم کی معلومات اور بات چیت کے ذرائع استعمال کرتے ہیں۔ ان کی مدد سے اسکول اور گھر بچوں کے بہترین مفادات کے تحفظ کے لئے مختص تعاون کی ذمہ داری اٹھا سکتے ہیں۔

**یونیکم (Unikum)**

ان والدین کے لئے جن کے بچے نرسری اور پرائمری سکول دونوں میں پڑھتے ہیں، یہ موقع فراہم کیا جاتا ہے کہ اپنے تمام بچوں کے بارے میں معلومات Unikum Familj ایپ میں دیکھیں۔

**ارتباط**

پیغامات کو یونیکم کے ذریعے بھیجا جاتا ہے۔ وہاں آپ دیگر چیزوں کے علاوہ اپنے بچے کے دن اور استاد اور پرنسپل کی طرف سے دی گئی معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

**پرنسپل کی طرف سے معلومات**

پرنسپل تمام سرپرستوں کو یونیکم کے ذریعے باقاعدگی سے آگاہ رکھتا ہے۔ اس طرح آپ اسکول کے ٹائم ٹیبل اور سالانہ سرگرمیوں اور اس کے علاوہ حالیہ حالات اور تبدیلیوں سے آگاہ رہیں گے۔

**علمی ترقی**

آپ کے بچے کی علمی ترقی کے بارے میں دستاویزات اور مخصوص ایڈجسٹمنٹس کو بھی یونیکم میں دیکھ سکتے ہیں۔

**طالب علم کی ترقی کے بارے میں والدین اور اساتذہ کی ملاقات**

اسکول والدین کو سال میں کم سے کم ایک مرتبہ طالب علم کی ترقی کے بارے میں والدین اور اساتذہ کی ملاقات کے لئے مدعو کرتا ہے۔ اس اجلاس کا مقصد یہ ہے کہ آپ کو اپنے بچے کی پڑھائی اور علمی پیشقدمی سے آگاہ کیا جائے اور یہ کہ آئندہ آنے والے وقت کیلئے آپ کے بچے کو کونسے اہداف تک پہنچنا ہے۔ مقصد یہ بھی ہے کہ ہم یعنی گھر اور اسکول کس طرح مختلف وسائل کو بروئے کار لا کر ایک طالبعلم کو ان اہداف تک پہنچنے میں مدد کرسکتے ہیں۔

**اسکول سافٹ (SchoolSoft)**

آپ کے بچے کی غیرحاضری اور ٹائم ٹیبل کے بارے میں معلومات اسکول سافٹ میں دیکھ سکتے ہیں۔

**غیرنصابی سرگرمیوں کا مرکز**

غیر نصابی سرگرمیوں کے مرکز میں شامل بچوں کے والدین کی حیثیت سے آپ اپنے بچے کا ٹائم ٹیبل **SchoolSoft** ایپ میں درج کرسکتے ہیں۔

**غیرمجاز غیرحاضری**

اگر کوئی طالبعلم بغیر اجازت کے پڑھائی سے غائب رہے تو اُسی دن آپ سرپرستوں کو آگاہ کیا جائے گا۔

**والدین کے ویزیٹ کی معمولات**

والدین کی طرف سے اسکول ویزیٹ سرپرستوں اور طالبعلموں دونوں کیلئے عموماً معلوماتی اور خوشگوار ثابت ہوتے ہیں۔ اس لئے ہم آپ سرپرستوں کو دعوت دیتے ہیں کہ آ کر ہماری سرگرمیوں کا حصہ بنیں۔ اگر آپ اسکول کے دورے پر آنا چاہتے ہیں تو اس کیلئے پیشگی اطلاع کریں اور کلاس ٹیچر سے مشورے کے بعد پلاننگ کیجئے۔ آپ آپس میں کوئی ایسا دن انتخاب کرسکتے ہیں جس میں آپ کا ویزیٹ کسی ٹسٹ یا امتحان کے ساتھ ایک ہی دن پیش نہ آئے اور تا کہ کلاس ٹیچر حساس طالبعلموں کو کلاس میں ایک اجنبی بڑے کی موجود ہونے کیلئے تیار کرسکے۔ کلاس ٹیچر کو پہلے سے پرنسپل کو بھی ویزیٹ کے بارے میں مطلع کرنا ضروری ہے تا کہ ہمیں پتہ ہو کہ کونسے لوگ بلڈنگ میں موجود ہیں۔ اسکول میں ایسے بچے اور کارکن ہوسکتے ہیں جن کی شناخت خفیہ ہو اور ان کی حفاظت کیلئے ضروری ہے کہ آپ اسکول کے احاطے کے اندر حاصل ہونی والی معلومات کو اخفائے راز میں رکھیں اور بچوں اور عملے کی تصویر یا فلم بنانے سے گریز کریں۔

**ٹیلی فون**

اگر آپ اسکول اسٹاف میں سے کسی کے ساتھ بات کرنا چاہتے ہیں تو پہلے قدم میں اُن کو ایک ای میل بھیجیں اور ہم بعد میں جب موقع میسر ہوگا آپ کو کال کریں گے۔ ٹیلی فون کا جواب نرسری اسکول کے اوقات کار کے دوران دیا جاتا ہے۔




فوٹو: Mostphotos

"اسکول اسٹاف کے ساتھ انفرادی میٹنگ اسٹاف کے کام کے اوقات کے دوران طے اور انجام پاتے ہیں"

**پریشانی یا نظریات**

اگر آپ کے پاس اسکول میں اپنے بچے کی صورتحال کے بارے میں سوالات یا کوئی نقطہ نظر ہو تو آپ کو پہلے قدم میں بچے کے کلاس ٹیچر سے رابطہ قائم کرنا چاہئے کیونکہ وہ آپ کے بچے سے سب سے زیادہ واقف ہوتے ہیں۔ آگر آپ کے سوالات کسی خاص مضمون سے متعلق ہوں تو براہ راست اس مضمون کے استاد سے رابطہ کریں۔ اگر آپ کو محسوس ہو رہا ہے کہ آپ کی پریشانی اپنی جگہ پر برقرار ہے تو اسکول کے پرنسپل سے رابطہ کرنا چاہئے۔

اگر آپ کی پریشانی پرنسپل سے بات چیت کرنے کے بعد بھی ختم نہ ہو یا آپ کو احساس ہو رہا ہو کہ آپ کو اپنے سوالات اور مسئلے کا خاطرخواہ جواب حاصل نہیں ہوا ہے تو آپ کمون کے وبسایٹ کے ذریعے کمون کے بچوں اور نوجوانوں کی نشوونما کے ادارے سے رابطہ کرسکتے ہیں، وبسایٹ میں "Tyck till" تک جانے والا لنک فالو کریں۔

سرپرست کی حیثیت سے آپ سگٹونا کمون کے بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) سے بھی رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کا محتسب (BEO) خصوصی معاونت، خلاف ورزیوں، سلامتی کی عدم موجودگی اور مساوی سلوک سے متعلق مسائل سے نپٹتا ہے۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) ہمیشہ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کو مد نظر رکھتا ہے اور اُن کے بہترین مفادات پر توجہ مرکوز رکھتا ہے۔ اگر آپ سرپرست کی حیثیت سے محسوس کریں کہ اسکول کے ساتھ رابطے میں کوئی کمی ہے تو بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کا محتسب (BEO) اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ ہر کسی کی آواز سنی جائے۔ آپ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) کے ساتھ نرسری اور پرائمری اسکولوں میں بدسلوکی اور امتیازی سلوک سے متعلق مسائل کے بارے میں گمنام طور پر بھی رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔ بچوں اور طالب علموں کے حقوق کے تحفظ کے محتسب (BEO) کا پتہ اور فون نمبر وغیرہ سگٹونا کمون کے ٹیلی فون نمبر 00 260 08-591 سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

**فیڈبیک اور جواب**

اگر آپ کسی استاد یا پرنسپل کو ای میل بھیجیں تو اس آپ تین دنوں کے اندر جواب موصول ہونے کی توقع کرسکتے ہیں بشرطیکہ آپ کا مطلوبہ شخص بیمار یا چھٹی پر نہ ہو۔ اگر آپ کمون کے بچوں اور نوجوانوں کی نشوونما کے ادارے کے کسی کارکن کے ساتھ رابطہ کریں تو وبسائٹ پر "Tyck till" کو بروئے کار لائیں تو آپ کو پانچ دنوں کے اندر فیڈبیک مل جائے گا۔

# قواعد اور ضوابط

اسکول کے طلباء اور تمام اسٹاف پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ مل کر ایک سازگار ماحول فراہم کرنے کیلئے کوشش کریں اور تعلیمی ایکٹ کے مطابق باہم ایسے قواعد اور ضوابط مرتب کریں جو اسکول میں واجب العمل ہوں۔ ہر فرد کی طرف سے ان قواعد کی پیروی کرنے کیلئے یہ ضروری ہے کہ تمام افراد، خواہ و طالبعلم ہوں یا بڑے، ان قواعد و ضوابط سے آگاہ ہوں اور ان کو پتہ ہو کہ ان قواعد کی خلاف ورزی کرنے کے کیا نتائج نکل سکتے ہیں۔

ہر اسکول کے اپنے قواعد اور ضوابط ہوتے ہیں۔ ان قواعد اور ضوابط پر تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کے لایحۂ عمل کو اپڈیٹ کرنے کے ضمن میں ہر سال طالبعلم، اسٹاف اور سرپرستوں کی طرف سے نظر ثانی کی جاتی ہے۔ اسکول کے آغاز کے وقت آپ بحیثیت سرپرست اپنے بچے کے ساتھ مل کر ان قواعد اور ضوابط کا مطالعہ کرتے ہیں اور ان پر دستخط کرتے ہیں۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ اس وقت آپ سرپرست کی حیثیت سے ان قواعد اور ضوابط کے بارے میں اپنے بچے کے ساتھ بات چیت کرنے کا موقع مل جائے۔ دستخط ایک علامتی دستاویز کی حیثیت رکھتا ہے کہ آپ ان قواعد اور ضوابط کی پیروی کرنے پر راضی ہیں۔

### تعلیمی ایکٹ کی رُو سے ڈسپلنری اقدامات

پرنسپل اور اسکول اسٹاف کی ذمہ داری ہے کہ وہ اسکول میں طالب علموں کیلئے تحفظ اور ذہنی سکول برقرار رکھنے کا بندوبست کریں اور ان کو اجازت ہے کہ کسی طالبعلم کا دوسروں کیلئے پریشانی کا سبب بننے کی صورت میں مداخلت کرے۔ ایسی حالت میں پرنسپل اور اساتذہ طالبعلموں کے تحفظ اور ذہنی سکون برقرار رکھنے کیلئے یا کسی طالبعلم کا دوسروں کے تحفظ اور ذہنی سکون میں خلل ڈالنے والے رویئے کو درست کرنے کیلئے فوری اور عارضی اقدامات اُٹھا سکتے ہیں۔ وہ ڈسپلنری اقدامات جو تعلیمی ایکٹ میں بیان کئے گئے ہیں کچھ اسطرح ہیں: اشیاء کو ضبط کرنا، اخراج، ایک جگہ پر بٹھانا، تبدیلی اور مختصر مدت کیلئے اسکول آنے پر پابندی۔

اسکول کے قوانین کی خلاف ورزی کی صورت میں ہر اسکول کے اپنے ضوابط اور اصول ہوتے ہیں۔

# تحفظ اور ذہنی سکون کیلئے عام راہنما اصول

ہمارے عام راہنما اصول، مخصوص قواعد اور ضوابط سے قطع نظر، سگٹونا کمون کے سارے اسکولوں میں واجب العمل ہیں۔ وہ قوانین جو بقیہ معاشرے میں لاگو ہیں اسکول میں بھی واجب العمل ہیں۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ قانون کی خلاف ورزی کے نتیجے میں اسکول پولیس کے یہاں رپورٹ جمع کروا سکتا ہے۔

### تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کا لایحۂ عمل

بدسلوکی یا کسی اور کو تکلیف دینے کے ہر واقعے کے نتیجے میں اسکول کے عملے کی جانب سے ردعمل کا اظہار ہونا چاہئے۔ ہر کیس کی الگ سے پیروی کی جاتی ہے اور مسئلے کو خاطرخواہ طور پر سلجھایا جاتا ہے۔

### کمپوٹر/آی پیڈ

کمپیوٹر کے استعمال سے متعلق عام اصول موجود ہیں جن پر طالبعلم اسکول کی طرف سے کمپیوٹر یا آی پیڈ ملنے کے وقت دستخط کرتا ہے۔

### ذاتی موبائل فون

تمام اسکولوں کی قواعد اور ضوابط میں ذاتی موبائل فون کے استعمال سے متعلق ایک سیکشن موجود ہوتا ہے۔ ان میں وضاحت کی جاتی ہے کہ طالبعلم اسکول کے اوقات میں اپنے ذاتی موبائل فون کو کسطرح استعمال کرسکتے ہیں۔

**غیرمجاز غیرحاضری**

اگر کوئی طالبعلم بغیر اجازت کے پڑھائی سے غائب رہے تو اُسی دن آپ سرپرستوں کو آگاہ کیا جائے گا۔

**منشیات پر پابندی**

ہمارے اسکولوں میں منشیات پر پابندی ہے۔ یہ پابندی ہر قسم کے تمباکو کی مصنوعات، الکحل اور منشیات اور اس کے علاوہ وہ ادویات جو ڈاکٹر کی طرف تجویز نہ کی گئی ہوں، پر محیط ہے۔ اگر آپ کے بچے پر کسی قسم کے منشیات کے ساتھ تعلق رہنے کا شبہ ہو یا یہ اس کا پتہ چلے کہ طالبعلم منشیات استعمال کرتا ہے، تو اسکول آپ کو بحیثیت سرپرست مطلع کرے گا۔ ہر کیس کی الگ سے پیروی کی جاتی ہے اور مسئلے کو خاطرخواہ طور پر سلجھایا جاتا ہے۔

**خلل پیدا کرنے والی اشیاء**

قانون کی رو سے اسکول اسٹاف ایسی اشیاء کو اپنے قبضے میں لے سکتی ہے جو اس طرح استعمال کی جارہی ہوں جس سے پڑھائی میں خلل پڑ رہا ہو یا جس کے نتیجے میں کوئی خطرہ پیدا ہونے کا خدشہ ہو۔ خطرہ پیدا کرنے والے اشیاء پولیس کے حوالے کی جاسکتی ہیں۔ وہ اشیاء جو قبضے میں لی گئی ہوں لیکن جن سے کوئی خطرہ پیدا ہونے کا ڈر نہ ہو، دن کے آخر میں طالبعلم کو واپس سپرد کی جاتی ہیں۔

**اسکول کے متعلقات کو نقصان پہنچانا**

اسکول کی املاک کو نقصان پہنچانے کی صورت میں پولیس کو اطلاع دی جاسکتی ہے۔ سرپرست کی حیثیت سے آپ کے لیے جاننا چاہئے کہ نقصان پہنچانے والے طالبعلم کے خلاف ہرجانے کا دعوی کیا جاسکتا ہے۔ اگر ایک طالبعلم کسی چیز کو توڑتا ہے یا کسی اور طالبعلم سے کوئی چیز لیتا ہے تو اس چیز کی قیمت ادا کرنے کی ذمہ داری اُسی طالبعلم پر عائد ہوتی ہے۔

**غیر مجاز افراد اسکول نہیں آسکتے**

کوئی شخص بغیر اجازت کے اسکول کے اوقات یا غیر نصابی سرگرمیوں کے دوران اسکول کے احاطے میں نہیں آسکتا۔ اگر ہمارے علم میں آ جائے کہ کوئی شخص بغیر کسی مقصد کے اسکول کے احاطے میں موجود ہے تو ہم اپنی طرف سے متوجہ کرتے ہیں اور اُن کو باہر کا راستہ دکھاتے ہیں۔




فوٹو: Rosie Alm

# سرگرمیوں کی نگرانی

سگٹونا کمون کے اسکولوں میں ہم باضابطہ طور پر اپنی سرگرمیوں کی کیفیت کو بہتر بنانے کیلئے کاوشیں کرتے رہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ تمام اسکول اور انتظامیہ سرگرمیوں کی ایک مشترکہ حکمت عملی کے تحت مسلسل طور پر جائزہ لے کر اپنی سرگرمیوں کو ترقی دیتے ہیں۔ انتظامیہ سلامتی، خوشی اور ذہنی سکون کی مندرجہ ذیل طریقوں سے نگرانی کرتا ہے۔

**سروے**

ہم ہر سال دو سروے کرتے ہیں جن میں اسکول میں تحفظ اور ذہنی سکون کا جائزہ لیا جاتا ہے:

**تحفظ، خوشگواری اور ذہنی سکون**

موسمِ خزاں کے آخر میں ایک سروے کے ذریعے طالبعلموں کے تحفظ، خوشگواری اور ذہنی سکون کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ کلاس 1 سے لے کر کلاس 9 تک تمام طالبعلم اس سروے میں حصہ لیتے ہیں۔ اس سروے میں جانچا جاتا ہے کہ مثال کے طور پر جہاں طالبعلم اپنے آپ کو غیرمحفوظ محسوس کرتے ہیں وہاں کونسے اقدامات اُٹھانے کی ضرورت ہے اور کن چیزوں کو نشاندہی کرنے کی ضرورت ہے۔

**والدین اور طالبعلموں کیلئے مخصوص سروے**

ہر موسم بہار میں کلاس 3، کلاس 5 اور کلاس 8 کے طالبعلموں اور اُن کے والدین کیلئے مخصوص سروے پر عمل درآمد کیا جاتا ہے جس میں سرگرمیوں کے معیار کا الگ سے جائزہ لیا جاتا ہے۔ اس سوالنامے میں مشارکت، ارتباط اور ہماہنگی سے متعلق مسائل کے بارے میں سوالات موجود ہوتے ہیں۔ تمام سوالناموں کے نتائج ہر اسکول اور مجموعی طور پر تمام کمون کے سطح پر مرتب اور تجزیہ کئے جاتے ہیں۔ ان سوالناموں سے حاصل شدہ معلومات کی بنیاد پر سرگرمیوں کو ترقی دینے کی مقصد سے اقدامات اُٹھائے جاتے ہیں اور اس لیے ضروری ہے کہ زیادہ سے زیادہ والدین سوالنامے کا جواب دینے کیلئے وقت وقف کریں۔

**تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کا لایحۂ عمل**

اسکول ہر سال تعصب اور بدسلوکی کی روک تھام کے لایحۂ عمل کا جائزہ لیتا ہے۔ اسکول میں تحفظ اور سلامتی برقرار رکھنے کےلئے کئے جانے والے اقدامات کا مقصد اسکول میں بدسلوکی، تعصب اور ہراسانی کا مقابلہ، روک تھام اور نپٹنا ہے۔ ہر اسکول کے لایحۂ عمل میں موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا جاتا ہے جس میں اسکول میں تحفظ اور خاطرجمعی کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات کے دستاویزات کو جانچا جاتا ہے اور ان کو الگ سے مرتب کیا جاتا ہے۔ اس لائحۂ عمل میں وہ سرگرمیاں اور اقدامات بھی شامل ہوتے ہیں جو اسکول کی ورک پلان اور انتظامیہ (یعنی کمون) کے منصوبوں میں شامل کئے جاتے ہیں۔ اسکول اسٹاف طالبعلموں کے ساتھ مل کر اس لائحۂ عمل کو عملی جامہ پہناتے ہیں۔

**سرپرستوں کے لیے فیڈبیک**

موسم خزاں کے والدین کے اجلاس میں سرپرست کی حیثیت سے آپ کو اسکول کی طرف سے تحفظ اور خاطرجمعی کے حوالے سے کئے گئے اقدامات اور سروے کے نتائج کے بارے میں معلومات فراہم کی جاتی ہے۔ انتظامیہ (کمون) ادارے کے تمام اسکولوں سے جمع کئے گئے نتائج کو ایک سالانہ معیاری رپورٹ میں درج کرکے کمون کے وبسائٹ پر شایع کرتا ہے۔

**آپ کے وقت اور دلچسپی کیلئے آپ کا شکریہ**

ہم مل کر ایسے نرسری اور پرائمری اسکول وجود میں لانے میں اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں جہاں بڑے اور بچے دونوں کیلئے تحفظ، خوشگواری اور ذہنی سکون کی فضا مہیا ہو۔

"بچے کے بہترین مفادات پر توجہ مرکوز رکھتے ہوئے پُر اعتماد تعاون"

Sigtuna kommun

**Sigtuna Kommun**
Södergatan 20, 191 85 Märsta
**www.sigtuna.se** فون: 00 260 591-08

یہ کتابچہ ان زبانوں میں بھی دستیاب ہے: انگریزی، اردو، عربی، صومالی اور فینیش۔ مختلف زبانوں میں تیار کئے گئے نسخوں کی سافٹ کاپی ہمارے وبسائٹ www.sigtuna.se سے ڈاونلوڈ کرسکتے ہیں۔

پرنٹ: Tryckservice Ängelholm, 2022 Grafisk form: Matador Kommunikation AB